Series ψYZXW

Set-4

کوڈ Q.P. **5B**

Q.P. Code

رول نمبر

Roll No.

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

# اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

مقررہ وقت : 3 گھنٹے

*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر : 80

*Maximum Marks : 80*

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوالنامے میں چھپے صفحات کی تعداد 12 ہے۔
- سوالنامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوالنامے میں چھپے سوالات کی تعداد 14 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر جوابی کاپی پر ضرور لکھیں۔**
- سوالنامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالنامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

ہدایات :

(i) یہ سوالنامہ **چار** حصّوں پر مشتمل ہے۔

(ii) حصہ **'الف'** - 'عبارت فہمی اور شعر فہمی' - **20** نمبر کا ہے۔

(iii) حصہ **'ب'** - 'تحریری مہارت' - **25** نمبر کا ہے۔

(iv) حصہ **'ج'** - 'عملی قواعد' - **20** نمبر کا ہے۔

(v) حصہ **'د'** - 'ادب' - **15** نمبر کا ہے۔

(vi) سوالنامے میں کل **14** سوالات ہیں۔ ہدایات کے مطابق جواب تحریر کریں۔

***Instructions :***

*(i) This Question paper contains **four** Sections.*

*(ii) Section - **A** 'Reading and Comprehension' carries **20** marks.*

*(iii) Section - **B** 'Writing Skills' carries **25** marks.*

*(iv) Section - **C** 'Functional Grammar' carries **20** marks.*

*(v) Section - **D** 'Literature' carries **15** marks.*

*(vi) This Question paper comprises of 14 Questions. Write the answer as per the instructions.*

## حصّہ - الف : عبارت فہمی اور شعر فہمی (20 نمبر)

## Section - A : Reading and Comprehension

1. مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے : **5 × 1 = 5**

دیوار چین کی لمبائی تو اونچی نیچی پہاڑیوں پر اُترتی چڑھتی ہوئی بہت دور تک یعنی میلوں تک جاتی ہے لیکن چوڑائی کا اندازہ اس سے لگا سکتے ہیں کہ اس پر ایک ہی وقت میں کئی گھوڑسواروں کی

ٹولیاں دوڑتی پھرتی تھیں۔ اب اس پر گھوڑے تو نہیں دوڑتے لیکن سیاحوں کی مختلف ٹولیاں گھومتی پھرتی ہوئی ضرور دکھائی دیتی ہیں۔ دراصل اس دیوار کی سیر کرنے والے نہ صرف اس عجائب کا دیدار کرتے ہیں بلکہ اس سیر سپاٹے سے دل بہلانے کی لذت بھی حاصل کرتے ہیں۔ اس لمبی چوڑی دیوار پر چڑھنے کے کئی راستے ہیں۔ زینوں کی مدد سے اوپر تک جانے کی آسانیاں ہیں۔ سیڑھیاں چڑھتے چڑھتے اگر آپ تھک جائیں گے تو راستے میں ہی دم لینے کے لیے ایسے گوشے بھی بنے ہوئے ہیں جہاں بیٹھ کر آپ تھوڑا آرام کر سکتے ہیں۔

(i) دیوارِ چین کی کیا چیز میلوں دور تک جاتی ہے؟

(A) اونچائی
(B) گہرائی
(C) لمبائی
(D) چوڑائی

(ii) اب کن کی ٹولیاں گھومتی پھرتی ہیں؟

(A) گھوڑسواروں کی
(B) سیاحوں کی
(C) دوکانداروں کی
(D) مویشیوں کی

(iii) سیر کرنے والے کیا چیز حاصل کرتے ہیں؟ **ایک لفظ** میں جواب لکھیے۔

(iv) دیوارِ چین کی چوڑائی کا اندازہ کس بات سے لگا سکتے ہیں؟ **ایک جملے** میں جواب لکھیے۔

(v) دیوارِ چین میں گوشے کس لیے بنے ہوئے ہیں؟ **ایک جملے** میں جواب لکھیے۔

2. مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے : $5 \times 1 = 5$

یا رب رہے سلامت ہندوستاں ہمارا
پھلے پھولے ہمیشہ یہ گلستاں ہمارا

گنگ و جمن، ہمالہ، کشمیر اتراکھنڈ
ہے کتنا خوبصورت یہ گلستاں ہمارا

بچوں کے سر پہ رکھا ماں کا ہو جیسے آنچل
امن و اماں کا ٹھنڈا یہ سائباں ہمارا

بڑھتا رہے گا یونہی تو دیکھ لینا
گوتم کا گاندھی کا ہندوستاں ہمارا

(i) ہندوستان کو کیا کہا گیا ہے ؟

(a) سلامت (b) گلستاں

(c) ملک (d) ہمالہ

(ii) اس نظم میں شاعر کس سے مخاطب ہے ؟

(a) ہندوستانیوں سے (b) رب سے

(c) گلستاں سے (d) گاندھی جی سے

(iii) اتراکھنڈ کے علاوہ کس مشہور علاقے کا ذکر کیا گیا ہے ؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے ۔

(iv) سائباں کی مثال کس چیز سے دی گئی ہے ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے ۔

(v) اس اقتباس میں کن دو مشہور لوگوں کا نام آیا ہے ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے ۔

3. درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : $5 \times 1 = 5$

آج کے عالم کہتے ہیں کہ ہماری دنیا پہلے آگ کا گولا تھی، اس آگ کا نہیں جو ہمارے گھروں میں جلتی ہے۔ یہ ایک اور ہی آگ تھی جو بن جلائے جلی اور بن بجھائے بجھ گئی۔ شاید یہ وہ چیز تھی جسے ہم بجلی کہتے ہیں۔ لیکن کبھی نہ کبھی دنیا آگ کا گولا تھی ضرور، کیوں کہ ہمیں ایسے ہی لاکھوں،کروڑوں آگ کے گولے آسمان میں چکّر کھاتے دکھائی دیتے ہیں اور ہماری زمین پر اب بھی آتش فشاں پہاڑ جب چاہتے ہیں دہکتی آگ اُگل دیتے ہیں یا زمین کے اندر سے کھولتے پانی کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں۔ دوسرے آگ کے گولے جو دنیا سے بہت بڑے اور بہت زیادہ پرانے ہیں، اب تک آگ ہی آگ ہیں۔ دنیا میں یہ آگ، پانی اور زمین کیوں بن گئی یہ ہمیں نہیں معلوم۔ بس ہماری قسمت میں کچھ یہی لکھا تھا۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(a) خدا کے نام خط (b) آدمی کی کہانی

(c) انٹرنیٹ (d) کارتوس

(ii) ہمیں کتنے آگ کے گولے آسمان میں چکّر کھاتے دکھائی دیتے ہیں ؟

(a) سینکڑوں، ہزاروں (b) ہزاروں، لاکھوں

(c) لاکھوں، کروڑوں (d) کروڑوں، اربوں

(iii) اقتباس میں سے 'آگ' کا متضاد لفظ تلاش کر کے لکھیے۔ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) آتش فشاں پہاڑ کیا کرتے ہیں ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) دوسرے آگ کے گولے دنیا کے مقابلے میں کیسے ہیں ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

4. درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے :

**5 × 1 = 5**

ہر ایک چیز سے پیدا خدا کی قدرت ہے
کوئی بڑا، کوئی چھوٹا، یہ اس کی حکمت ہے

بڑا جہان میں تجھ کو بنا دیا اس نے
مجھے درخت پہ چڑھنا سکھا دیا اُس نے

قدم اٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں
نری بڑائی ہے، خوبی ہے اور کیا تجھ میں

جو تو بڑا ہے تو مجھ سا ہُنر دکھا مجھ کو
یہ چھالیا ہی ذرا توڑ کر دکھا مجھ کو

نہیں ہے چیز نکمّی کوئی زمانے میں
کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں

(i) اس نظم کا عنوان کیا ہے؟ لکھیے۔

(a) نیکی اور بدی
(b) پہاڑ اور گلہری
(c) اے شریف انسانوں !
(d) قدم بڑھاؤ دوستو !

(ii) اس نظم کا شاعر کون ہے؟

(a) اسمٰعیل میرٹھی
(b) نظیر اکبرآبادی
(c) اقبال
(d) ساحر

(iii) لفظ 'جہان' کا کیا مطلب ہے؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) خدا کی حکمت کیا ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) آخری شعر سے کیا پیغام حاصل ہوتا ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(25 نمبر)

## حصہ - ب : تحریری مہارت

## Section - B : Writing Skills

5. درج ذیل کسی **ایک** موضوع پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے : 10 × 1 = 10

(i) یوم جمہوریہ

(ii) ایک میلے کا آنکھوں دیکھا حال

(iii) میری پسندیدہ شخصیت

(iv) اسکول کا سالانہ جلسہ

(v) تعلیم کی اہمیت

6. اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام سیکشن تبدیل کرانے کے لیے درخواست لکھیے۔ 1 × 5 = 5

**OR / یا**

بڑی بہن بیمار ہیں۔ خط لکھ کر ان کی طبیعت کا حال معلوم کیجیے۔

7. حبیب تنویر **یا** رتن سنگھ کے حالات زندگی پر 100 الفاظ کا نوٹ لکھیے۔ 1 × 5 = 5

**OR / یا**

''کاٹھ کا گھوڑا'' **یا** ''کارتوس'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

8. نظیر اکبرآبادی **یا** غالب کے حالات زندگی اور ان کی شاعری پر 100 الفاظ پر مشتمل نوٹ لکھیے۔ 1 × 5 = 5

**OR / یا**

نظم ''نیکی اور بدی'' **یا** ''اے شریف انسانو !'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

(20 نمبر)

## حصّہ - ج : عملی قواعد

## Section - C : Functional Grammar

9. درج ذیل میں سے صرف آٹھ سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے :

**8 × 2 = 16**

(i) ''احمد کل آیا تھا''۔ یہ فعل کی کون سی قسم ہے ؟

(a) فعلِ ماضی
(b) فعلِ حال
(c) فعلِ مستقبل
(d) فعلِ مجہول

(ii) ''غریبوں میں کھانا تقسیم کیا گیا''۔ یہ فعل کی کون سی قسم ہے ؟

(a) فعلِ معروف
(b) فعلِ مجہول
(c) فعلِ حال
(d) فعلِ مستقبل

(iii) ''سچن تندولکر ایک شاندار بلّے باز تھے''۔ اس جملے میں ''سچن تندولکر'' اسم کی کون سی قسم ہے ؟

(a) اسمِ خاص
(b) اسمِ عام
(c) اسمِ گرامی
(d) اسمِ شریف

(iv) 'رابطہ' کی علامت کیا ہے؟

(a) ؟
(b) “ ”
(c) –
(d) :

(v) 'شکست' کا متضاد کیا ہے؟

(a) دور
(b) فتح
(c) گاؤں
(d) شکستہ

(vi) درج ذیل الفاظ میں سے 'واحد' کی پہچان کیجیے :

(a) امرا
(b) افواج
(c) اختیار
(d) بیگمات

(vii) 'سلاطین' کا واحد کیا ہے؟

(a) سلطنت
(b) سلطان
(c) سلطانہ
(d) سطر

(viii) درج ذیل الفاظ میں سے کس میں لاحقہ استعمال ہوا ہے؟

(a) خوش قسمت
(b) بروقت
(c) بے کار
(d) عقل مند

(ix) درج ذیل میں سے 'مونث' کی پہچان کیجیے :

(a) راستہ
(b) ہتھوڑا
(c) خوف
(d) محنت

(x) 'بدن' کا مترادف کیا ہے؟

(a) جسم
(b) انسان
(c) آدمی
(d) بڑا

10. درج ذیل الفاظ، محاوروں اور کہاوتوں میں سے صرف **چار** کو جملوں میں استعمال کیجیے : $4 \times 1 = 4$

(i) اکلوتا

(ii) عہدہ

(iii) چھٹی کا دودھ یاد آنا

(iv) بھیس بدلنا

(v) جیسی کرنی ویسی بھرنی

(vi) الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے

## حصہ - د : ادب (15 نمبر)

## Section - D : Literature

11. درج ذیل میں سے صرف **تین** سوالوں کے جواب لکھیے : (درسی کتاب - حصہ نثر) $3 \times 2 = 6$

(i) لین شو نے اپنے پہلے خط میں خدا کے نام کیا لکھا ؟ (خدا کے نام خط)

(ii) 'مواصلاتی نظام' کا مطلب بتایئے اور اس نظام میں شامل وسائل کے نام لکھیے ۔ (انٹرنٹ)

(iii) بندو کی سست رفتاری کی وجہ سے کون کون لوگ پریشان تھے ؟ (کہانی : کاٹھ کا گھوڑا)

(iv) 'زبانوں کا گھر ہندوستان' میں ہندوستان کی کیا کیا خصوصیات بتائی ہیں ؟

12. درج ذیل میں سے **دو** سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : (درسی کتاب - حصہ نثر) $2 \times 1 = 2$

(i) ٹھیکرے نے اپنے ایک کردار کے بارے میں کیا لکھا ہے؟ (بے تکلفی)

(ii) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کا اصلی نام لکھیے۔

(iii) انگریزوں کو وزیر علی کے افسانے سن کر کس کے کارنامے یاد آتے تھے؟ (کارتوس)

13. درج ذیل میں سے **دو** سوالوں کے جواب لکھیے : (درسی کتاب - حصہ نظم) $2 \times 2 = 4$

(i) ظالم کو ظلم کی کیا سزا ملتی ہے؟ (نیکی اور بدی)

(ii) میر تقی میر نے انسانی زندگی کی کیا حقیقت لکھی ہے؟ (غزل : میرؔ)

(iii) جنگ کو 'امن عالم کا خون' کہنے کا کیا مطلب ہے؟ (اے شریف انسانو!)

14. درج ذیل میں سے **تین** سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : (درسی کتاب - حصہ نظم) $3 \times 1 = 3$

(i) 'کوئی صورت نظر نہیں آتی' میں لفظ 'صورت' کا کیا مطلب ہے؟ (غزل : غالبؔ)

(ii) نظم 'حمد' میں لفظ 'کارخانہ' سے کیا مراد ہے؟ لکھیے۔ (حمد)

(iii) نظم 'نیکی اور بدی' کے شاعر کا نام کیا ہے؟ لکھیے۔

(iv) 'قدم بڑھاؤ دوستو' کا کیا مطلب ہے؟ لکھیے۔ (قدم بڑھاؤ دوستو!)

---